7

غزوات اسلام

سوال: جیش العسرت یا غزوہ عسرت کس غزوہ کو کہا جاتا ہے؟

جواب: غزوہ تبوک کو جیش العسرت اور غزوہ عسرت کہا جاتا ہے۔

سوال: کس جنگ میں مسلمانوں کے تین بڑے سپہ سالار شہید ہوئے؟

جواب: جنگ موتہ میں مسلمانوں کے تین بڑے سپہ سالار حضرت زید بن حارثہؓ، حضرت جعفر طیارؓ اور حضرت عبداللہ بن رواحہؓ شہید ہوئے۔

سوال: آنحضرت ﷺ کے چند مشہور تلواروں کے نام بتائیں؟

جواب: آپ ﷺ کی مشہور یں تلواریں ذوالفقار، ماثور، القضیب، البتار، قلعی اور الرسوب تھیں۔

سوال: آنحضرت ﷺ کے ڈھالوں اور خود کے نام بتائیں؟

جواب: آپ ﷺ نے الذق اور لزلوق نامی ڈھال اور ذوالسبوغ اور ذوالموشح نامی مشہور خود مختلف غزوات میں استعمال فرمائے۔

سوال: میدان بدر کا فاصلہ مدینہ سے 80 میل ہے یہ بتائیں کہ مکہ سے اس کا فاصلہ کتنا ہے؟

جواب: شہر مکہ سے میدان بدر کا فاصلہ 220 میل ہے۔

سوال: جھوٹے مدعیان نبوت کے خلاف سب سے پہلی جنگ کب لڑی گئی؟

جواب: جھوٹے مدعیان نبوت کے خلاف سب سے پہلی جنگ حضرت ابو بکرؓ کے دور خلافت میں یمامہ کے مقام پر لڑی گئی۔

سوال: قرآن مجید مین کل کتنے غزوات کا ذکر آیا ہے؟

جواب: قرآن مجید میں کل 12 غزوات کا ذکر کیا گیا ہے جبکہ کل غزوات کی تعداد 27 ہے۔

سوال: لشکر اسلام کے پہلے باقاعدہ جھنڈے کا رنگ بتائیں؟

جواب: لشکر اسلام کا پہلا باقاعدہ علم سفید رنگ کا تھا۔

سوال: غزوہ اُحد میں حضرت حمزہؓ کس گھوڑے پر سوار تھے؟

جواب: غزوہ اُحد میں حضرت حمزہؓ اپنے مشہور گھوڑے اشقر پر سوار تھے۔

سوال: اسلام کا پہلا علمبردار کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت حمزہؓ کو اسلام کا سب سے پہلا علمبردار کہا جاتا ہے۔

سوال: کیا آپ کو معلوم ہے کہ غزوہ اُحد میں ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے ہاتھوں شہید ہوا؟ نام بتائیں۔

جواب: غزوہ اُحد میں جب افراتفری پھیل گئی تو ہر طرف سے تلواریں چلنے لگی جس کے نتیجے میں مسلمانوں ہی کے تلواروں سے حضرت حذیفہؓ کے والد یمانؓ شہید ہوئے۔

سوال: یہ بتائیں کہ جہاد کا حکم مکہ میں نازل ہوا یا مدینہ میں؟

جواب: جہاد کا حکم بعد از ہجرت مدینہ منورہ میں 12 صفر المظفر 2 ہجری کو نازل ہوا۔

سوال: سریہ اور غزوہ میں فرق بتائیں؟

جواب: سریہ وہ جنگ جس میں آپ ﷺ بذات خود شریک نہیں ہوئے بلکہ کسی اور صحابی کو امیر بنا کر بھیجا جبکہ غزوہ اُس جنگ کو کہتے ہیں جس میں آنحضرت ﷺ نے بہ نفس نفیس شرکت فرمائی ہو۔

سوال: اسلام کا سب سے پہلا تیر انداز کون تھا اور یہ پہلا تیر کہاں پھینکا گیا؟

جواب: اسلام کا سب سے پہلا تیر انداز حضرت سعد بن ابی وقاصؓ تھے۔ اُنہوں نے اسلام کی سربلندی اور عظمت کی خاطر سب سے پہلا تیر سریہ عبیدہ بن حارث میں دشمن کی طرف پھینکا۔

سوال: غزوہ بدر میں آپ ﷺ جو زرہ پہنے ہوئے تھے اُس کا نام بتائیں؟

جواب: غزوہ بدر میں آپ ﷺ حضرت سعد بن عبادہ کا عطا کردہ زرہ "ذات الفضول" پہنے ہوئے تھے۔

سوال: غزوہ اُحد کے کس صحابیؓ کو فرشتوں نے غسل دیا؟

جواب: حضور ﷺ کے ارشاد کے مطابق اُحد کے شہداء میں حضرت حنظلہؓ وہ خوش قسمت شہید ہے جن کو فرشتوں نے غسل دیا۔

سوال: یہ بتائیں کہ جہاد کا حکم قرآن مجید کی کس سورۃ میں نازل ہوا؟

جواب: مسلمانوں کیلئے جہاد کا حکم 2 ہجری میں قرآن مجید کی سورۃ حج میں نازل ہوا۔

سوال: آنحضرت ﷺ کا سب سے پہلا غزوہ کونسا تھا؟

جواب: آپ ﷺ کا سب سے پہلا غزوہ ابواء تھا اس غزوہ کو غزوہ ودان بھی کہتے ہیں۔

سوال: پوری زندگی آپ ﷺ کے ہاتھوں ایک شخص قتل ہوا اُس شخص کا نام بتائیں؟

جواب: غزوہ اُحد میں آپ ﷺ کے نیزے کی وار سے ابی بن خلف دُشمن اسلام جہنم رسید ہوا۔

سوال: غزوہ بدر کا تذکرہ قرآن پاک کی کس سورۃ میں آیا ہے؟

جواب: غزوہ بدر کا تذکرہ قرآن پاک کی سورۃ "انفال" میں آیا ہے۔

سوال: جہاد کے لفظی معنی اور مفہوم بیان کریں؟

جواب: جہاد کے لفظی معنی تگ و دو، کوشش اور محنت کے ہیں۔ جہاد سے مراد وہ جدوجہد اور کاوش ہے جو کسی خاص مقصد کے حصول کی

خاطر کی جائے۔ اسلامی نقطہ نظر سے جہاد کا مطلب اللہ تعالی کے دین کی سر بلندی کی خاطر منکرین حق سے لڑنا اور اُن کو راہ راست کی دعوت دینا ہے۔

سوال: غزوہ اُحد میں شرکت کرنے والی چار خواتین کے نام بتائیں جنہوں نے اُحد کے زخمیوں کی مرہم پٹی اور خبر گیری کی؟

جواب: غزوہ اُحد میں بہت سی بنات الاسلام نے شرکت کی جن میں چار کے نام یہ ہیں۔ حضرت ام سلمہؓ، حضرت عائشہؓ، حضرت ام عمارہؓ اور حضرت ام سلیطؓ۔

سوال: غزواۃ نبوی ﷺ کی تاریخ کا سب سے پہلا شہید کون تھا؟

جواب: غزواۃ نبوی ﷺ کی تاریخ کا سب سے پہلا شہید حضرت عمرؓ کا غلام حضرت مھجعؓ بن صالح تھا جس نے بدر میں جام شہادت نوش کیا۔

سوال: غزوہ اُحد میں وہ کون سے صحابی تھے جس کی شکل وصورت آنحضرت ﷺ سے ملتی جلتی تھی اور جب وہ شہید ہوئے تو کفار نے یہ افواہ پھیلا دی کہ آپ ﷺ شہید ہو گئے ہیں؟

جواب: حضرت مصعب بن عمیرؓ آپ ﷺ کے ہم شکل صحابی تھے۔ جب وہ غزوہ اُحد کے دن شہید ہو گئے تو کفار مکہ نے آپ ﷺ کے شہادت کی افواہ پھیلا دی۔

سوال: کیا کسی غزوہ میں کوئی کافر مسلمان عورت کے ہاتھوں ہلاک ہوا ہے؟

جواب: غزوہ خندق میں آنحضرت ﷺ کی پھوپھی حضرت صفیہؓ نے ایک یہودی کو ہلاک کیا۔ غزوات کی تاریخ میں یہ پہلا واقعہ تھا جب کسی عورت نے کافر کو جہنم رسید کیا۔

سوال: غزوہ خندق کا دوسرا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: غزوہ خندق کا دوسرا نام غزوہ احزاب بھی ہے۔ احزاب اصل میں حزب کی جمع ہے جس کے معنی ہیں گروہ۔ چونکہ اس جنگ میں مخالفین اسلام کے بہت سے گروہ مدینہ پر حملہ آور ہوئے تھے۔ اس لئے اس غزوہ کو احزاب کا نام دیا گیا۔

سوال: فتح مکہ کے موقع پر ایک تو مشہور دشمن اسلام ابو سفیان بن حرب نے اسلام قبول کیا۔ اس موقع پر ایک اور ابو سفیان نے بھی اسلام قبول کیا۔ کیا آپ اُس شخص کے بارے میں جانتے ہیں؟

جواب: فتح مکہ کے موقع پر دشمن اسلام ابو سفیان بن حرب کے علاوہ آنحضرت ﷺ کے چچا زاد بھائی ابو سفیان بن حارث بھی مشرف بہ اسلام ہوئے۔ یہ حضور ﷺ کے چچا حارث کے بیٹے تھے۔

سوال: یہ بتائیں کہ کس خلیفہ راشد کے زمانے میں سب سے زیادہ فتوحات ہوئی؟

جواب: حضرت عمرؓ بن خطاب (خلیفہ دوئم) کے دور میں سب سے زیادہ فتوحات ہوئی۔ آپؓ کے دور میں ایک ہزار چھبیس (1026) شہر فتح ہوئے۔

سوال: کتنے خلفاء راشدین شہادت کے عظیم مرتبے پر فائز ہوئے؟

جواب: چار خلفاء راشدین میں حضرت ابو بکر صدیقؓ کے علاوہ باقی تینوں خلفاء (حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ او حضرت علیؓ) شہادت کے عظیم مرتبے پر فائز ہوئے۔

سوال: "ہند جگر خوار" کس کا لقب ہے؟

جواب: "ہند جگر خوار" ابو سفیان بن حرب کی بیوی تھی جس نے غزوہ اُحد میں سید الشہداء حضرت حمزہؓ کا جگر کچا چبایا تھا۔ فتح مکہ کے

دن اس کے بعد ہی آپ کے شوہر کے ساتھ انتقال ہو گیا۔

سوال: حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا اصل نام بتائیں؟

جواب: حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا اصل نام خالد تھا۔

سوال: سب سے زیادہ احادیث نبوی ﷺ کس صحابیؓ سے مروی ہے؟

جواب: سب سے زیادہ احادیث حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے۔

سوال: غزوہ بدر میں مسلمانوں کے پاس اُونٹوں اور گھوڑوں کی تعداد کیا تھی؟

جواب: غزوہ بدر میں لشکر اسلام کے پاس فقط 70 اُونٹ اور دو گھوڑے تھے۔

سوال: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ بیعت رضوان کس درخت کے نیچے ہوئی؟

جواب: آنحضرت ﷺ نے حضرت عثمانؓ کا بدلہ لینے کیلئے صحابہ کرامؓ سے ببول (کیکر) کے درخت کے نیچے بیعت لی۔

سوال: حضرت ابو بکر صدیقؓ کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: آپؓ کے والد کا نام ابو قحافہ عثمان تھا۔

سوال: جس وقت صلح حدیبیہ کی شرائط طے کی جا رہی تھی عین اُس وقت ایک مسلمان صحابی کفار کی قید سے آزاد ہو کر مسلمانوں کے پاس آئے۔ آپ اُس کا نام بتائیں؟

جواب: یہ صحابی صلح حدیبیہ میں کفار کے نمائندے سہیل بن عمرو کے فرزند حضرت ابو جندلؓ تھے۔

سوال: حضور ﷺ نے کس مشہور صحابیؓ کو یمن کی طرف بھیجا تھا اور اس کو کیا تاکید کی تھی؟

جواب: آپ ﷺ نے حضرت معاذ بن جبلؓ کو یمن کا حاکم بنا کر بھیجا اور اُس کو اُن امور میں اپنی رائے سے اجتہاد کرنے کی تاکید کی تھی جو قرآن وسنت کی رو سے واضح نہ ہو۔

سوال: نجاشی کے دربار میں زبردست تقریر کرنے والے حضور ﷺ کے چچا زاد بھائی حضرت جعفرؓ نے کب شہادت پائی؟

جواب: آپؓ نے غزوہ موتہ میں اسلام کی عظمت اور سربلندی کی خاطر اپنی جان قربان کی۔

سوال: غزوہ بدر میں کس خلیفہ راشد نے شرکت نہیں کی تھی؟

جواب: غزوہ بدر میں حضرت عثمان غنیؓ نے شرکت نہیں کی تھی کیونکہ آنحضرت ﷺ نے آپؓ کو اپنی بیوی رقیہؓ کی تیمار داری کی خاطر گھر پر رہنے کی ہدایت کی تھی۔

سوال: کس صحابیؓ کو حواری رسول ﷺ کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت زبیر بن العوامؓ حواری رسول ﷺ کے لقب سے مشہور ہوئے۔

سوال: حضرت ابو ذر غفاریؓ کا اصل نام بتائیں؟

جواب: آپؓ کا اصل نام جندب تھا۔

سوال: مشہور سپہ سالار حضرت ابو عبیدہ بن جراح کا مزار کس ملک میں موجود ہے؟

جواب: آپؓ کا مزار شام کے دارالحکومت دمشق میں ہے۔

سوال: حضرت علیؓ کو "اسد اللہ" (شیر خدا) کا خطاب کب اور کس نے دیا؟

جواب: حضرت علیؓ کو شیر خدا کا خطاب 7 ہجری کو آنحضرت ﷺ نے اُس وقت دیا جب آپؓ نے غزوہ خیبر میں یہودیوں کا مشہور قلعہ

لوس رح لیا۔

سوال: وہ کونسا غزوہ ہے جس میں آنحضرت ﷺ نے مسلمانوں کو روم و فارس کی فتح کی خوش خبری سنائی تھی؟

جواب: غزوہ خندق (احزاب) کے موقع پر حضور ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو روم و فارس کی فتوحات کی خوش خبری سنائی تھی۔ بہت جلد دور فاروقی میں یہ پیش گوئی درست ثابت ہوئی۔

سوال: تاریخ اسلام میں سب سے پہلی نماز جنازہ کس شہید کی ادا کی گئی؟

جواب: سید الشہداء حضرت امیر حمزہؓ عم رسول ﷺ وہ خوش قسمت شہید ہیں جس کی نماز جنازہ آنحضرت ﷺ نے ادا کی تاریخ اسلام میں کسی شہید کی یہ پہلی نماز جنازہ تھی۔

سوال: اسلام کی تاریخ میں سب سے پہلا غزوہ ابواء تھا۔ اس غزوہ کا بنیادی مقصد بتا سکتے ہیں؟

جواب: اس غزوہ کا بنیادی مقصد ریاست مدینہ کے دفاعی حصار میں توسیع اور قریش مکہ کی اقتصادی ناکہ بندی کرنا تھا۔

سوال: اچھا قرآن پاک نے یوم البدر کو کس نام سے پکارا ہے؟

جواب: قرآن عظیم الشان میں بدر کے دن کو "یوم الفرقان" کے نام سے پکارا گیا ہے۔

سوال: یوم الفرقان سے کیا معنی مراد لئے جاتے ہیں؟

جواب: یوم الفرقان سے مراد حق اور باطل میں فرق کرنے والا دن ہے۔

سوال: غزوہ بدر میں موذن اسلام حضرت بلالؓ کے ہاتھوں ایک سردار مکہ قتل ہوا نام بتائیں؟

جواب: آپؓ نے بدر کے دن "اُمیہ بن خلف" کو ہلاک کیا۔

سوال: اسلام کی تاریخ میں سب سے پہلا کافر کونسا تھا جس کو مسلمانوں نے ہلاک کیا؟

جواب: مسلمانوں نے سب سے پہلے سریہ عبداللہ بن جحش میں عمرو بن الحضرمی کو قتل کیا۔ اسلام کی عظمت اور سربلندی کیلئے یہ پہلا قتل تھا۔

سوال: "فدک کی زمین" کی اہمیت بیان کریں؟

جواب: خیبر کی فتح کے بعد خیبر کے قریب فدک کی بستی کی زمین آپ ﷺ کے حصے میں آئی یہی وہ زمین تھی جس کی پیداوار آپ ﷺ اپنے لئے اور بنو ہاشم کے بیواؤں، یتیموں اور غیر شادی شدہ لوگوں کی ضروریات پوری کرنے کیلئے استعمال کرتے رہے۔

سوال: کیا آپ غزوہ حنین کا دوسرا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب: غزوہ حنین کا دوسرا نام غزوہ اوطاس ہے۔

سوال: خاتون اُحد اور خاتون کربلا کے ناموں سے کون سی دو صحابیات مشہور ہیں؟

جواب: حضرت اُم عمارہؓ خاتون اُحد جبکہ حضرت زینب بنت علیؓ خاتون کربلا کے نام سے مشہور ہے۔

سوال: فتح مکہ کے وقت کلید بردار کعبہ کون تھا؟

جواب: فتح مکہ کے وقت عثمان بن طلحہ کلید بردار کعبہ تھا۔

سوال: اسلامی کلینڈر کا پہلے مہینے کا نام بتائیں؟

جواب: اسلامی کلینڈر کا پہلا مہینہ محرم الحرام ہے۔

سوال: بدر کی لڑائی میں بڑا دشمن اسلام ابو جہل کو کس نے قتل کیا؟

جواب: ابوجہل کو دو مسلم بن انصاری بچوں معوذؓ اور معاذؓ پسران عفراء نے ہلاک کر ڈالا۔

سوال: یہ بتائیں کہ ابوجہل کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: ابوجہل کا اصل نام عمرو بن ہشام تھا۔

سوال: فتح مکہ کے بعد حضور ﷺ نے کس کو بیت اللہ شریف کا موذن مقرر فرمایا تھا؟

جواب: آپ ﷺ نے فتح مکہ کے بعد ابومحذورہؓ کو بیت اللہ شریف (مسجد الحرام) کا موذن مقرر فرمایا۔

سوال: کس غزوہ کا دوسرا نام تو ابین بھی ہے اور کیوں؟

جواب: غزوہ تبوک کو غزوہ توابین بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس غزوہ سے پیچھے رہ جانے والے تین صحابہؓ کی توبہ اللہ تعالیٰ نے قبول کرلی۔

سوال: غزوہ اُحد میں کس بدبخت کافر کے وار سے آنحضرت ﷺ کے دانت مبارک شہید ہوئے؟

جواب: غزوہ اُحد میں عتبہ بن ابی وقاص بدبخت نے آپ ﷺ کو پتھر مارا جس سے آنحضرت ﷺ کے دو دانت مبارک شہید ہوئے۔

سوال: غزوہ خیبر میں مسلمان کتنی تعداد میں تھے۔ ان کے ساتھ کتنی مسلمان عورتوں نے اس غزوہ میں شرکت کی؟

جواب: غزوہ خیبر میں مسلمانوں کی تعداد 1600 تھی۔ خیبر کے غزوہ میں 20 مسلمان خواتین نے شرکت کی تھی۔

سوال: یہ بتائیں کہ غزوہ خیبر میں اسلامی فوج کا علم (جھنڈا) کس چیز سے تیار کیا گیا تھا اور اس کا کیا نام تھا؟

جواب: غزوہ خیبر میں اسلامی فوج کا علم سفید رنگ کا تھا جو ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کی اوڑھنی سے تیار کیا گیا تھا اس کا نام عقاب تھا۔

سوال: یہ بتائیں کہ اُحد مدینہ منورہ سے کتنے میل اور کس سمت میں واقع ہے؟

جواب: اُحد مدینہ منورہ سے 3 میل شمال کی جانب واقع ہے۔

سوال: غزوہ بدر کے موقع پر مسلمانوں کے پاس فقط 70 اونٹ اور دو گھوڑے تھے۔ کیا آپ غنیم کے لشکر کے اُونٹ اور گھوڑوں کی تعداد بتا سکتے ہیں؟

جواب: لشکر کفار ہر قسم کے اسلحہ سے لیس تھے ان کے پاس 700 اونٹ اور 300 گھوڑے تھے اور لشکر کے ہر فرد کے پاس سواری کی سہولت موجود تھی۔

سوال: غزوہ تبوک کا دوسرا نام بتائیں؟

جواب: غزوہ تبوک کا دوسرا نام "جیش العسرت" تھا اس کا مطلب ہے "تنگی کا لشکر" کیونکہ اس غزوہ میں مسلمان سخت اور شدید موسم گرما میں نہایت کسمپرسی کی حالت میں مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے تھے۔

سوال: کیا آپ غزوہ بدر الاولیٰ کے بارے میں کچھ بتا سکتے ہیں؟

جواب: جب مکہ کے ایک سردار کرز بن جابر الفہری نے مدینہ کی چراگاہ پر حملہ کیا تو وہ کچھ مویشی چرا کر بھاگ نکلا۔ جب آنحضرت ﷺ کو پتہ چلا تو آپ ﷺ نے کچھ صحابہؓ کے ساتھ بدر کی بستی تک اُس کا پیچھا کیا لیکن وہ ہاتھ نہ آیا اس غزوہ کو بدر الاولیٰ کہا جاتا ہے۔

سوال: کس جنگ کو بین الاقوامی جنگ بدر بھی کہا جاتا ہے؟

جواب: جنگ موتہ کو بین الاقوامی جنگ بدر بھی کہا جاتا ہے۔

سوال: غزوہ احزاب میں مدینہ منورہ کے دفاع کیلئے جو خندق (Trench) کھودی گئی تھی اس کی تفصیل بتائیں؟

جواب: غزوہ احزاب میں مدینہ منورہ کے دفاع کیلئے جو خندق کھودی گئی تھی اس کی تفصیل یہ ہے۔
۱۔ یہ خندق مدینہ منورہ کے شمالی سمت سے لیکر جبل سلع تک کھودی گئی تھی۔
۲۔ مدینہ منورہ کے دوسرے تین اطراف کھجور کے درختوں، پہاڑوں اور عمارتوں کی بدولت دشمن کے حملے سے محفوظ تھی۔
۳۔ یہ خندق تین ہزار صحابہ کرام بمعہ رسول ﷺ اللہ نے کل 20 دن میں مکمل کی۔
۴۔ خندق کی لمبائی ساڑھے تین میل (3.5)، گہرائی 5 گز اور چوڑائی 10 گز تھی۔
۵۔ خندق کھودنے کا مشورہ سلمان فارسیؓ نے دیا۔
۶۔ خندق کھودتے ہوئے آنحضرت ﷺ نے مسلمانوں کو روم و فارس کے سلطنتوں کے فتح ہونے کی خوش خبری سنائی۔

سوال: غزوہ بدر میں مسلمانوں نے کتنے مشرکین مکہ کو قیدی بنا لیا تھا درست تعداد بتائیں؟
جواب: غزوہ بدر میں مسلمانوں نے 72 مشرکین مکہ کو قید کر لیا تھا بعد میں ان سے فدیہ لے کر ان کو چھوڑ دیا گیا۔

سوال: بدر کا مقام مدینہ منورہ سے کس سمت اور کتنے میل کے فاصلے پر ہے؟
جواب: بدر کا مقام مدینہ منورہ سے جنوب مغربی سمت میں تقریباً 80 میل کے فاصلے پر ہے۔

سوال: قرآن پاک کی سورۃ النصر میں کس طرف ارشارہ کیا گیا ہے؟
جواب: قرآن پاک کی سورۃ النصر میں فتح مکہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

سوال: غزوہ خیبر میں مسلمان کتنے یہودیوں کے خلاف برسر پیکار تھے؟
جواب: غزوہ خیبر میں 16 سو مسلمان تقریباً 20 ہزار یہودیوں کے خلاف برسر پیکار تھے۔ یہودیوں نے اپنے قلعوں میں پناہ لے رکھی تھی لیکن آخر کار لشکر اسلام کے جرات اور استقلال کے سامنے اُن کو سرنگوں ہونا پڑا۔ اس غزوہ میں 20 مسلمان خواتین نے بھی شرکت کی تھی۔

سوال: حسن یوسف، دم عیسیٰ، ید بیضا داری اس معرعے میں شاعر نے کن پیغمبروں کے معجزوں کی طرف اشارہ کیا ہے؟ وضاحت کریں۔
جواب: ۱۔ حسن یوسف: اس میں شاعر کا اشارہ حضرت یوسف بن یعقوبؑ کی خوبصورتی کی طرف ہے۔ جس کی بدولت وہ پورے مصر میں مشہور ہوئے۔
۲۔ دم عیسیٰ: اس سے مراد حضرت عیسیٰ بن مریمؑ کا وہ معجزہ ہے جس کے ذریعے وہ اذن خداوندی سے مردوں کو زندہ کرتے تھے۔
۳۔ ید بیضاء: اس میں شاعر حضرت موسیٰؑ کے اُس معجزے کی طرف اشارہ کرتا ہے جب حضرت موسیٰؑ اپنے بغل میں ہاتھ ڈال دیتے تو مثل سورج کے وہ ہاتھ روشن نکلتا اور دیکھنے والے حیرت سے دنگ رہ جاتے۔

سوال: دومۃ الجندل کس مقام کا نام تھا؟
جواب: یہ عرب کا ایک سرحدی شہر تھا جس میں عرب کا قبیلہ بنو کلب آباد تھا۔

سوال: اس غزوہ کا نام بتائیں جس میں مسلمانوں کی تعداد سب سے زیادہ تھی؟
جواب: تاریخ اسلام میں مسلمانوں کی سب سے زیادہ تعداد غزوہ تبوک میں شریک ہوئی۔ اس غزوہ میں تقریباً 30000 مسلمانوں نے شرکت کی تھی۔